© rasailojaraid.com

## مولانا حافظ اخلاق احمد اور مولانا حبیب الرحمٰن (کوٹلہ آئمہ) کو صدمہ

مورخہ یکم نومبر بروز جمعرات مولانا حافظ اخلاق احمد خطیب بریڈفورڈ اور مولانا حبیب الرحمٰن خطیب برطانیہ کی والدہ محترمہ وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحومہ کی وفات کی اطلاع فوری طور پر انہیں دی گئی، خوش قسمتی سے دونوں بھائیوں کو بروقت فلائٹ مل گئی جس کی بنا پر دونوں بھائی جنازے سے قبل کوٹلہ آئمہ پہنچ گئے اور انہیں اپنی والدہ کے جنازے کو نہ صرف کندھا دینے کا موقع ملا بلکہ ان کی نماز جنازہ حافظ اخلاق احمد نے پڑھائی جنازہ میں جامعہ علوم أثریہ کے اساتذہ وطلباء کے علاوہ جماعتی احباب نے بھرپور شرکت کی۔ مرحومہ بڑی متقیہ، پرہیزگار اور صوم وصلوٰۃ کی پابند خاتون تھیں جن کی تربیت سے ان کی اولاد اور خاندان کے دیگر افراد دیندار اور مسجد کوٹلہ آئمہ کے خدمت گزار ہیں۔

## مولانا منظور احمد کی والدہ کی وفات

جماعت کے معروف خطیب مولانا منظور احمد آف گوجرانوالہ کی والدہ محترمہ مورخہ 7 ستمبر بروز جمعۃ المبارک وفات پا گئیں۔ انا للہ وانا الیہ راجعون مرحومہ بڑی ہی نیک، بااخلاق اور صالحہ خاتون تھیں۔

## مؤرخ اہل حدیث مولانا محمد اسحاق بھٹی کو صدمہ

جماعت اہل حدیث کی عظیم شخصیت، مورخ اہل حدیث مولانا محمد اسحاق بھٹی کے چھوٹے بھائی مورخہ 27 اگست کو وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم بڑے نیک، بااخلاق اور اسلامی احکامات پر عمل کرنے والے انسان تھے۔

## عبدالعلام عارف کو صدمہ

مورخہ 17 نومبر بروز ہفتہ عبدالعلام عارف (جمعیۃ المناہل الخیریۃ گوجرانوالہ) کے بھائی عبدالسلام وفات پا گئے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون۔ مرحوم مستری عبدالحمید مرحوم کے بڑے صاحبزادے تھے اور عرصہ دراز سے مختلف بیماریوں میں مبتلا ہو کر بستر علالت پر تھے مگر...... مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی، بالآخر ان کا جوانی کے عالم میں ہی انتقال ہو گیا ان کی نماز جنازہ میں جامعہ علوم أثریہ کے اساتذہ اور منتظمین کے ایک وفد نے شرکت کی۔

مرحوم نے پسماندگان میں ایک بیوہ اور پانچ بچے چھوڑے ہیں۔ رئیس الجامعہ نے بیرون ملک دورے سے واپسی کے بعد مرحوم کے لواحقین سے تعزیت کی اور دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوار رحمت میں جگہ اور پسماندگان کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

رئیس الجامعہ نے مرکزی جامع مسجد چوک اہل حدیث میں بعد از نماز جمعہ مذکورہ بالا مرحومین کی غائبانہ نماز جنازہ پڑھائی اور ان کی بلندی درجات اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی۔ اللھم اغفر لھم وارحمھم وادخلھم الجنۃ الفردوس۔



© rasailojaraid.com